| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ____________ | ہفتہ: 1، دن: 1 | اُستاد کا نام: ____________ |

## سبق کا نام: تعارف

### مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- نئی جماعت میں اپنا تعارف کروا سکیں۔
- ساتھیوں کو جماعت میں خوش آمدید کہہ سکیں۔
- اپنی معاشرتی علوم کی کتاب سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

### تدریسی معاونات:

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب، سوال نامہ

### تحریکی سرگرمی: 10منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

پہلے دِن کو ایک دوسرے سے تعارف کے لیے مخصوص رکھیں تاکہ طلبہ ایک دوسرے کو جان سکیں اور نئی جماعت کا پہلا دِن اُن کے لیے خوش گوار ہو سکے۔ تمام طلبہ کو نئی جماعت میں آنے پر مبارک باد دیں اور گرم جوشی سے خوش آمدید کہیں۔

### تدریسی طریقہ کار: 22منٹ

- بچّوں سے کہیں کہ باری باری جماعت کے سامنے آئیں، اپنا تعارف کروائیں اور اپنی پسند و ناپسند بھی بتائیں۔ بچّوں کو بتائیں کہ وہ اپنا تعارف کیسے کروائیں گے۔
- میرا نام ____________ ہے۔
- میں ________ جماعت میں پڑھتا ہوں اور میرے دوست کا نام ________________ ہے۔
- میرا پسندیدہ مضمون ____________ ہے۔
- میری پسندیدہ ٹیچر کا نام ____________ ہے۔
- میرا پسندیدہ کھیل/ پھل، سبزی وغیرہ ____________ ہے۔
- میرا پسندیدہ مشغلہ ____________ ہے۔
- میرا پسندیدہ مضمون ____________ ہے۔
- ایک دوسرے کے بارے میں جاننے میں طلبہ کی مدد کریں۔
- طلبہ سے کہیں کہ سوالنامہ حل کریں۔

- اس کے بعد تختۂ تحریر پر ''معاشرتی علوم'' نمایاں کر کے لکھیں۔
- طلبہ کو مضمون کے متعلق بتائیں کہ اس مضمون میں وہ کیا کیا پڑھیں گے۔
- طلبہ کو معاشرتی علوم کی کتاب کے اندرونی صفحات اور ان پر دی گئی تصاویر دکھا کر ان کے متعلق سوالات پوچھیں۔
- بچّوں کو بتائیں کہ کتاب ہماری سب سے اچھی دوست ہوتی ہے۔اس کی حفاظت کرنی چاہیے،اس کا احترام کرنا چاہیے۔ اسے کبھی نیچے نہیں پھینکنا یا پھاڑنا نہیں چاہیے۔

**سوالنامہ:** **8منٹ**

1. آپ کا نام کیا ہے؟ ______
2. آپ کہاں رہتے ہیں؟ ______
3. آپ کے والد کا کیا نام ہے؟ ______
4. آپ کی عمر کیا ہے؟ ______
5. آپ کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟ ______
6. آپ کہاں پیدا ہوئے؟(شہر یا گاؤں کا نام) ______
7. آپ کے کتنے بہن بھائی ہیں؟ بہن______ بھائی______
8. آپ کی پسندیدہ چیزیں کون سی ہیں؟

کھانا______ رنگ______ کھیل______

9. آپ کو اپنے اسکول کے بارے میں کیا پسند ہے؟ ______
10. اپنی کوئی سب سے اچھی بات لکھیں۔ ______
11. اس سال کے لیے آپ کا عزم کیا ہے؟ ______
12. آپ اپنے اُستاد سے کیا توقعات رکھتے ہیں؟ ______

**جائزہ:**

N/A

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ____________ | ہفتہ: 1، دن: 2 | اُستاد کا نام: ____________ |

| سبق کا نام: شہریت اور انسانی حقوق (Citizenship and Human Rights) | باب اوّل: شہریت (Citizenship) |
|---|---|

## مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پہچان سکیں کہ شہری حقوق اور ذمہ داریاں کیا ہوتی ہیں اور وقت کے ساتھ یہ کیوں بدلتی ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب،

## تحریکی سرگرمی: 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے ان کے حقوق کے بارے میں پوچھیں جو انھیں ان کے والدین اور حکومت کی طرف سے حاصل ہیں۔
- طلبہ سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو بتائیں آج کے سبق میں وہ ''شہری کسے کہتے ہیں اور ان کی ذمہ داریوں'' کے بارے میں پڑھیں گے۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 3 کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں شہری کسے کہتے ہیں؟ انھیں سوچنے کے لیے وقت دیں اور ان کے جوابات لیں۔
- پھر انھیں بتائیں شہری کسی ملک میں رہنے والا وہ فرد ہوتا ہے جہاں اسے حکومت کی طرف سے تمام بنیادی حقوق حاصل ہوتے ہیں۔
- انھیں حقوق کا مطلب بتائیں انسانوں کی بنیادی ضروریات اور سہولیات کی اُن تک فراہمی، ان کے حقوق کہلاتی ہے۔ جیسے زندگی کا حق، خوراک کا حق، آزادی کا حق، کسی بھی انسان کے بنیادی حقوق ہیں۔
- انھیں بتائیں ایک شہری ہونے کے ناطے ہمارے بہت سے حقوق ہیں اور ہر حکومت کا فرض ہوتا ہے کہ وہ اپنے شہریوں کے حقوق کو یقینی بنائے۔
- طلبہ کو بتائیں شہری حقوق سے مراد ایسے حقوق ہیں جو ہر شہری کو زندگی گزارنے کے لیے حاصل ہوں۔
- بورڈ پر چند حقوق لکھیں۔
    - آزادانہ زندگی گزارنے کا حق۔

- آزادیٔ اظہار کا حق۔
- اپنے مذہب کے مطابق زندگی گزارنے کا حق۔
- صحت کی سہولیات کا حق۔
- سستی تعلیم کا حق۔

- طلبہ کو ان تمام حقوق کی خواندگی کروائیں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ** | **3منٹ** |

سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **5منٹ** |

مشق کے سوال نمبر 1 کے پہلے دو سوال طلبہ سے پوچھیں اور جواب کاپیوں پر لکھوائیں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

جماعت میں پڑھائے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____________ | ہفتہ: 1، دن: 3 | تاریخ: ____________ | وقت: 40منٹ |

| باب اوّل: شہریت (Citizenship) | سبق کا نام: شہریت اور انسانی حقوق (Citizenship and Human Rights) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ♦ پہچان سکیں کہ شہری حقوق اور ذمہ داریاں کیا ہوتی ہیں اور وقت کے ساتھ یہ کیوں بدلتی ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے شہریوں کے حقوق کے بارے میں پوچھیں۔
- انھیں بتائیں پاکستان ایک اسلامی ملک ہے یہاں ہر شخص کو اپنی رائے دینے کا حق حاصل ہے۔ مذہب کی بنیاد پر کوئی فرق نہیں رکھا جاتا۔ اقلیتوں کو بھی تمام حقوق حاصل ہیں۔ وہ آزادی سے اپنے مذہب کے مطابق زندگی گزار سکتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم شہریوں کی ذمہ داریوں کے بارے میں پڑھیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 4 کے متن ''شہریوں کی ذمہ داریوں'' کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو ذمہ داری کا مطلب بتائیں اور شہریوں کی ذمہ داریوں کی وضاحت کریں۔
- انھیں بتائیں ایک شہری ہونے کے ناطے ہمارے اوپر بہت سی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں جن کو پورا کرنا بہت ضروری ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ حکومت کی طرف سے مہیا کردہ سہولیات سے استفادہ کرتے ہوئے ہمیں چاہیے کہ اپنی ذمہ داریوں کو بخوبی نبھائیں۔
- جیسے ایک ذمہ دار شہری ہونے کے ناطے ہم پر فرض ہے کہ:
  - ملکی قوانین کا احترام کریں اور ان پر عمل پیرا ہوں۔
  - دوسروں کے حقوق، نظریات اور عقائد کا خیال رکھیں۔

○ ملکی وسائل بجلی، پانی، گیس وغیرہ کو ضائع نہ کریں۔

○ ایمان داری سے اپنے ٹیکس اور بل ادا کریں۔

- طلبہ کو ماحول کی صفائی، قدرتی وسائل کے بچاؤ، عوامی مقامات کی حفاظت اور ان کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو تلقین کریں کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو بخوبی نبھائیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے شہریوں کی ذمہ داریوں کے بارے میں سوالات کریں تاکہ ان کی فہم کا جائزہ لیا جاسکے۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کر کے لانی ہے۔

**ورک شیٹ**

ایک اچھے شہری کی خصوصیات سے متعلق ذہنی خاکہ بنائیں۔

